istsc_reic83200d.AOOreic83200d.001.5031.15-10-2021.A.21.

Istituto Comprensivo di Luzzara
Scuola dell'Infanzia, Primaria e Secondaria di Primo grado
Viale Filippini, 42 – 42045 Luzzara (RE) – tel. 0522 22 31 37
www.icluzzara.edu.it – Email: reic83200d@istruzione.it pec: reic83200d@pec.istruzione.it – CF 81002390359

لزارا اور ولا روتا کے پرائمری سکولوں کے والدین کی طرف
لزارا اور ولاروتا کے پرائمری سکولوں کے اساتذہ اور معاونین کی طرف
ویب سائٹ کی طرف

موضوع: انٹرکلاس کونسل کی تجدید اور والدین کی میٹنگ کیلئے دعوت ۔ تعلیمی سال 2021/2022 کیلئے

سکول پرنسپل

ان قواعد کو دیکھتے ہوئے le OO.MM n. 215 del 15.07.1991, n. 267 del 04.08.1995, n. 293 del 24.06.1996 e n.277 del 17.06.1998;

دیکھتے ہوئے la nota del MIUR Prot.n. 24032 del 06/10/2021

طے کرتی ہیں

کہ انسٹی ٹیوٹ کے پرائمری سکولوں کی انٹر کلاس کونسل کی تجدید کیلئے انتخابات اس تاریخ کو ہوں گے:

جمعہ 29 اکتوبر 2021

ان اوقات میں: 16،30 سے 17،30 بجےتک میٹنگ (آن لائن جی میٹ کے ذریعہ)
18،00 سے 20،00 بجے تک ووٹنگ (موجودگی میں)

ووٹنگ کے عمل سے پہلے آن لائن میٹنگ ہو گی جس کی صدارت کلاس کے کوارڈی نیٹر کریں گے، اس میں ٹیچرز تعلیمی پروگرام پیش کریں گی۔ میٹنگ میں شامل ہونے کیلئے لنک آپ کے بچے کے کلاس روم کے کیلنڈر میں ہوگا۔ اس کے بعد انتخابات کا طریقہ کار (خفیہ بیلٹ پیپر کے ذریعہ)، پولنگ اسٹیشن کی تشکیل اور کارکردگی کے بارے میں سمجھایا جائے گا۔ میٹنگ کے اختتام پر ووٹنگ کے عمل، ووٹوں کی گنتی اور کلاس کے نمائندے کے اعلان کیلئے،کلاس میں حاضر ہو کر تین والدین پر مشتمل ایک پولنگ بورڈ تشکیل دیا جائے گا جن میں سے ایک رکن بورڈ کے صدر کی ذمہ داریاں نبھائے گا۔ پولنگ بورڈ آن لائن میٹنگ ختم ہونے کے بعد موجودگی میں تشکیل پائے گا اور دو گھنٹے تک کام کرتا رہے گا، اس کے بعد گنتی شروع ہو گی۔ طالب علموں کے دونوں والدین کو ووٹ ڈالنے اور ووٹ لینے کا حق حاصل ہے۔ ہروالد یا والدہ کو سکول کی طرف سے دیئے گئے اور بورڈ کے ایک رکن کی طرف سے تصدیق کردہ بیلٹ پیپر پرکسی ایک امیدوار کا نام لکھنا ہو گا۔ بالفرض اگر دو یا دو سے زیادہ والدین ایک جتنے ووٹ لیتے ہیں توفیصلہ قرعہ اندازی کے ذریعہ ہو گا۔

سکول پرنسپل
ڈاکٹر انیتا مونتی

اس عمل کی ذمہ دار: اے۔اے سیمونا کیوا
Email: ufficioalunni@icluzzara.edu.it